# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی سی آئی/ بی ڈبلیو پی/ 2024-04(536)　　　　مورخہ 17 فروری 2024

**کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 17 فروری 2024ء**

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 17 فروری 2024ء بروز ہفتہ بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پور شرقیہ |
| 4۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 5۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 6۔ | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 7۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 8۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 9۔ | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-**　　سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، ہاوس نے ایجنڈا جات اور ان کی تفصیل سے اتفاق کرتے ہوئے منظور کر لیا اور اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**قرارداد 10/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باالفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 2:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔جس کے مطابق 3 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس 11 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**کارپوریٹ کلاس:** 1۔نونگے پروڈکٹ امپورٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ ہنڈا بہاولپور پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 3۔ارتے پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

**ایسوسی ایٹ کلاس:** 1۔مکہ سولر پاور سولیوشن، بہاولپور 2۔عماس انٹرنیشنل، بہاولپور 3۔محمد عرفان محمد سلیم اینڈ کمپنی، ہارون آباد 4۔آصف ڈیری فارم، بہاولپور 5۔آکاش ٹریڈنگ کمپنی، بہاولپور 6۔بسرا یونیورسل ٹریولز اینڈ ٹوورز، حاصل پور 7۔الائیڈ ٹریڈنگ، چشتیاں 8۔محمد اینڈ عبداللہ ایگری کلچرل فارم، چشتیاں 9۔راؤ ٹریڈرز، لودھراں 10۔یونائیٹڈ لاوا کنسٹرکشن کمپنی، دنیاپور 11۔خدیجہ انٹرنیشنل ٹریڈرز، بہاولپور

ہاؤس نے آنے والی درج بالا تمام نئی ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتے ہوئے درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی۔

**قرارداد 11/2023-24**

**"ہرگاہ ہاؤس گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 06 جنوری 2024 سے لیکر آج کی میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں آنے والی تمام نئی ممبر شپ جس میں 3 کارپوریٹ کلاس 11 ایسوسی ایٹ کلاس شامل ہیں، بہاولپور چیمبر کی ممبر شپ حاصل کرنے کی باقاعدہ طور پر منظوری دیتا ہے۔"**

**ایجنڈا نمبر 3:-** **گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گذشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، پر بریفنگ دی جسے جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر 4:-** **چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے موقع پر بہاولپور چیمبر کی جانب سے ٹریڈ فیئر اور فوڈ کورٹ کے انعقاد پر غور وخوض۔**

صدر چیمبر نے اس ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ جیسا کہ آپ اس بات سے آگاہ ہیں کہ بہاولپور چیمبر ہر سال چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے موقع پر ٹریڈ فیئر کا انعقاد کرتا ہے اور اس سلسلے میں ہماری لوکل انتظامیہ سے دو بار میٹنگز کا انعقاد ہو چکا ہے اور کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور کا اسرار ہے کہ اس مرتبہ بھی جیپ ریلی کے موقع پر حسب روایت بہاولپور چیمبر ٹریڈ فیئر اور فوڈ کورٹ کا انتظام کرے۔اس سلسلے میں آپ دوستوں کی مشاورت درکار ہے کیونکہ آپ دوستوں کے تعاون سے ہی یہ ممکن ہو سکے گا۔ایگزیکٹو رکن جناب ارشد رحمانی نے کہا کہ ٹریڈ فیئر کے انعقاد کے لیے ہمیں تقریباً دو ماہ پہلے سے ہی تیاری شروع کر دینی چاہیے تاکہ تمام انتظامات اور فنڈز کے حصول میں کوئی دشواری پیش نہ ہو اور اس تمام کے لیے کوئی کمیٹی بھی تشکیل دی جائے جو ان تمام معاملات کو حل کر سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹریڈ فیئر کے موقع پر چیمبر کی جانب سے سپورٹس ایکٹیویٹیز کا بھی انتظام ہونا چاہیے۔ایگزیکٹو رکن جناب مرید احمد نعیم نے کہا کہ جیپ ریلی کے موقع پر بہاولپور چیمبر کی نمائندگی کو بھی یقینی بنانا چاہیے کیونکہ TDCP اور لوکل انتظامیہ کے پروگراموں میں بہاولپور چیمبر کا ذکر ہی نہیں کیا جاتا تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ تمام اراکین ایگزیکٹو کو ٹریڈ فیئر کے انعقاد کے لیے فنڈز کی مد میں ضرور اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔صاحب صدر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا کہ بہاولپور ٹریڈ فیئر کے منعقد کرنے پر لوکل انتظامیہ اس موقع پر ہر سال کی طرح تمام تر ممکنہ سہولیات بہم پہنچانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔صاحب صدر نے ہاؤس کو یہ بھی آگاہ کیا کہ ٹریڈ فیئر منعقد کرانے کی صورت میں کم وبیش 15 سے 17 لاکھ روپے کا خرچ آئے گا اور یہ خرچہ زیادہ تر چیمبر کے سینئرز اور اراکین ایگزیکٹو کمیٹی کے باہمی تعاون سے ہی پورا کیا جائے گا اور اگر کچھ اخراجات چیمبر سے کرنے کی ضرورت پیش آئی تو ہاؤس اس کی بھی اجازت دے اور اراکین ایگزیکٹو بہاولپور ٹریڈ فیئر کے انعقاد میں اپنا اپنا کنٹری بیوشن بھی شامل کریں۔

ایجنڈا نمبر 5:- ماہ جنوری 2024 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ جنوری 2024 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 15 فروری 2024 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ جنوری 2024 میں ہونے والے کل اخراجات پر مبنی گوشوار اجات برائے غور وخوض و منظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہیں جس کے مطابق ماہ جنوری میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -5,40,694 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

قرارداد 12/2023-24

"ہر گاہ ہاؤس ماہ جنوری 2024 میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ -5,40,694 روپے
کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"

ایجنڈا نمبر 6:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔

صاحب صدر نے تمام اراکین ایگزیکٹو کو کہا کہ ہمارے چیمبر کی سالانہ تجدید رکنیت شروع ہو چکی ہے لہذا تمام اراکین ایگزیکٹو اپنی اپنی فرموں کی تجدید رکنیت بروقت کرا لیں اور دیگر دوستوں اور اراکین چیمبر تک اپنے طور پر بھی یہ پیغام پہنچائیں کہ وہ 31 مارچ 2024 تک اپنی اپنی رکنیت کی تجدید کروا لیں۔

چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کو ظہرانے پر مدعو کیا اور کہا کہ آج کا ظہرانہ چیمبر کے نائب صدر عدیل خالد صاحب کی جانب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جس پر ہاؤس نے عدیل خالد صاحب کے اس اقدام پر اظہار تحسین کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری